حصہ اول

بعونہ تعالیٰ شانہ

نور اللغات

(الف لغایت ب)

حلقۂ اشاعت لکھنؤ

ہمدردی کرنیوالا نہین ملتا ہے ؎ شریک کوئی بُرے وقت کا نہین
اے بحر۔ جسد کو چھوڑ گئی ہے لحد کے غار مین روح۔ **بُرے وقت آڑے**
آنا۔ لازم۔ مصیبت کے وقت یا افلاس کی حالت مین مدد کرنا (داغ)
آدمی وہ ہے جو ڈھونڈھے نہ سہارا کوئی۔ کہ بُرے وقت مین آڑے
نہین آتا کوئی۔ **بُرے وقت مین کام آنا یا بُرے وقت کام آنا**۔ لازم۔
بُرے وقت مین امداد کرنا۔ (داغ) یہ سمجھکر تجھے اب موت لگا رکھا ہے۔
کام آتا ہے بُرے وقت مین آنا تیرا۔ (ناسخ) کہان کا زر بُرے وقت اہل
جوہر کام آتے ہین۔ کوئی زردار ہوتا نہین تلوار سونے کی۔

بریار۔ (بفتح۔ بس وری یار۔ مضبوط۔ شدید) صفت (مجازاً)
وہ اراضی جو زرخیز۔ سیر حاصل ہو۔

بِریان۔ (ف) صفت۔ بُھنا ہوا۔ تلا ہوا۔ بریانی۔ (ف)
مونث۔ ایک قسم کا نمکین پلاؤ۔ جسمین گوشت بھونکر ڈالتے ہین۔

بَرِیّت[1]۔ (ع بفتح اول وکسر دوم و یائے مشدد مفتوح)
مونث۔ رہائی۔ نجات۔ معافی۔ آزادی۔ سبکدوشی۔ پاک ہونا۔ صاف
ہونا۔ بیجرم ہونا۔ بیقصور ہونا۔ صفائی۔

بَریت۔ (ھ بالفتح وفتح سوم) مونث وہ نشان جو کسی
لچکدار چیز کی مار سے جسم پر پڑ جائے (مصحفی) کیسی اب انکی دھوپ مین
جلتی ہین برتین۔ سائے مین یان پلے۔ تھے جو ناز ونعم کے ساتھ۔

بریت۔ (ھ بالفتح وکسر سوم) مونث۔ موٹی رتی جس
سے پُر کھینچتے ہین۔

برٹھیا۔ (ھ بفتح اول وکسر دوم وسکون یائے مجہول۔
۱ مذکر۔ دھوبی ۲ مونث۔ تیسری قسم کی زمین۔ **برٹھن**۔ (ھ بفتح حرف چہارم
مونث۔ دھوبن۔ دھوبی کی جورو۔

برتچ لوڈر۔ (انگ) مونث۔ پیچھے سے بھرنی والی بندوق

بریز بریز کرنا یا کہنا۔ (ریختن ف۔ کسی چیز کا گر کے بکھر
جانا۔ بریز اسکا امر ہے) لازم۔ ہاری ماننا۔ دبنا۔ شکوہ شکایت کرنا۔ (فقرہ)
ارے میان ایک طالب علم ہم تھے کہ سارے ہم جماعت بلکہ بخدا اُستاد
بریز بریز کرتے تھے۔

بَرَیشم۔ (ف) مذکر۔ اَبریشم۔

بریک۔ (انگ) مذکر۔ ریل کی وہ گاڑی جسمین مال روانہ
ہوتا ہے۔

بریگیڈ۔ (انگ) مذکر۔ فوج کا ایک حصہ۔ توپ خانہ رسالے
اور پیدل کی فوج۔

بریلی جانیکا کام کیا۔ مقولہ (بریلی مین چند سال پیشتر
بہت بڑا پاگل خانہ تھا۔ پنجاب مین بجائے بریلی لاہور کہتے ہین جہان
بہت بڑا پاگل خانہ ہے)۔ اُس شخص کی نسبت کہتے ہین جو پاگلون

---

[1] بریت اور رہائی کا فرق۔ بریت مین مقدمہ فیصل ہو جاتا ہے اور ملزم بیگناہ ثابت ہوتا ہے لیکن رہائی مین بالفعل بوجہ ثبوت کامل نہ ملنے کے ملزم چھوڑ دیا جاتا ہے
پھر جب کبھی ثبوت مل جائے ماخوذ ہو سکتا ہے۔